© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

## ● پروفیسر حفیظ تائبؔ رحمہ اللہ

ممتاز نعت گو شاعر جناب پروفیسر حفیظ تائبؔ طویل علالت کے بعد ۱۲ر جون ۲۰۰۴ء کو لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی شفیق استاذ، خلیق و مہربان، عابد و زاہد اور شب زندہ دار انسان تھے۔ پاک و ہند کے نعت گو شعراء میں انہیں جو مرتبہ اور عروج ملا، وہ کم ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے۔ ان کے نعتیہ اشعار جذبہ حُبِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے معمور ہیں۔ وہ نبی خاتم صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق تھے۔ شہرت و تصنع سے کوسوں دور ایک مٹا ہوا عاجز اور صابر و شاکر انسان مگر اللہ نے عزت وشہرت کا تاج اُن کے سر پر سجایا۔ اُن کی نعتیں عقیدۂ توحید و ختم نبوت، اتباع سنت اور قرآن کے پیغام ہدایت سے لبریز ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

- چیچہ وطنی میں ہمارے رفیق فکر چودھری محمد اشرف صاحب کے ماموں سسر
- مجلس احرار اسلام جھنگ کے ناظم قاری محمد اصغر عثمانی کے والدِ ماجد
- مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے ناظم حافظ محمد اشرف صاحب کے بڑے بھائی
- چنیوٹ میں جناب ملک رب نواز ایڈووکیٹ کے بھائی
- ڈاکٹر عبدالروف شیخ (ملتان) کے بھائی

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ جملہ پسماندگان ولواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ، تمام احرار کارکن اور ادارہ ''نقیبِ ختم نبوت'' کے اراکین جملہ مسافرانِ آخرت کے لیے مغفرت کی دعا کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔ قارئین سے بھی دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کی درخواست ہے۔

## دعائے صحت

- مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محترم محمد اسماعیل (بن مستری دین محمد مرحوم) شدید علیل ہیں۔
- ہمارے کرم فرما محترم قاری ظہور رحیم عثمانی (لیاقت پور) عارضۂ قلب میں مبتلا ہیں۔

احباب وقارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# القاسم اکیڈمی کی عظیم تاریخی اور انقلابی پیشکش

اکیسویں صدی کی پہلی جنگ

معرکہ صلیب وطالبان

# صلیبی دہشت گردی اور عالم اسلام

طالبانِ افغانستان کے تناظر میں

جہادِ افغانستان، تحریکِ طالبان، ملامحمد عمر، اسامہ بن لادن، جہاد اور دہشت گردی، نظامِ شریعت سے مغرب کا بے جا خوف، دینی مدارس بالخصوص دارالعلوم حقانیہ، اسلام کے بارے میں مغرب کی لاعلمی اور غلط فہمیاں، امریکی اور مغربی دنیا کے عزائم اور مسلم امۃ پر جارحانہ یلغار، سقوط بغداد مسئلہ فلسطین وکشمیر اور پاکستان کی ایٹمی صلاحیت جیسے اہم وحساس وقومی وبین الاقوامی موضوعات کے تناظر میں عالمی اور مغربی میڈیا سے مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا دوٹوک مکالمہ

انٹرویوز

حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ

صفحات 520

مرتب

مولانا عبدالقیوم حقانی

قیمت 240

معاون

مولانا عرفان الحق حقانی

القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد ضلع نوشہرہ سرحد پاکستان

© rasailojaraid.com